# ’بیشک رب صبر کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے‘



ڈاکٹر سلیم خان

ارشادِ ربانی ہے: ”مسلمانو! تمہیں مال اور جان دونوں کی آزمائشیں پیش آ کر رہیں گی“۔ غلبۂ دین کی راہ میں جان کے ساتھ ساتھ مال کی بھی آزمائش آتی ہے یعنی اگر دنگا فساد یا ہجومی تشدد سے جان کو خطرہ لاحق ہوتا ہے تو مسلم اوقاف بھی دشمنانِ اسلام کی نظر بد کا شکار ہو جاتی ہے۔ ابتلا و آزمائش سے پیشگی آگاہی کا مقصد یہ ہے کہ جب ان سے سابقہ پیش آئے تو اہل ایمان حیرت زدہ نہ ہوں بلکہ صبر و تحمل کے ساتھ ان کا مقابلہ کریں۔ آگے آزمائش کی تفصیل یوں بیان ہوئی ہے کہ: ”تم اہل کتاب اور مشرکین سے بہت سی تکلیف دہ باتیں سنو گے اگر ان سب حالات میں تم صبر اور خدا ترسی کی روش پر قائم رہو تو یہ بڑے حوصلہ کا کام ہے“۔ وطن عزیز کے اندر فی الحال ذرائع ابلاغ میں طعن و تشنیع اور جھوٹ و فریب کا طوفانِ بدتمیزی برپا ہے۔ اس کے بالمقابل اہل ایمان کا صداقت و انصاف اور وقار و تہذیب پر قائم رہتے ہوئے شیطانِ لعین کے اشتعال یا مایوسی کے جال کو توڑ کر اخلاقِ فاضلہ کے ساتھ اپنی تحریک کو آگے بڑھانے کی خاطر بڑا عزم و حوصلہ درکار ہے۔

مسلم پرسنل لا بورڈ کی قیادت میں تحفظِ اوقاف تحریک جنتر منتر کے دھرنے سے آگے بڑھ کر تال کٹورہ انڈور اسٹیڈیم کے عظیم الشان جلسۂ عام تک پہنچ چکی ہے۔ اس کے برعکس حکمراں جماعت اوقاف کے تعلق سے عوام کو گمراہ کرنے کی مہم چلا رہی ہے۔ ایسے میں فرمانِ قرآنی ہے: ”اے لوگو جو ایمان لائے ہو، اپنی جماعت کے لوگوں کے سوا دوسروں کو اپنا رازدار نہ بناؤ“۔ اس حکم کی جو حکمت بتائی گئی ہے وہ دشمنانِ اسلام پر من و عن صادق آتی ہے۔ ارشادِ قرآنی ہے: ”وہ تمہاری خرابی کے کسی موقع سے فائدہ اٹھانے میں نہیں چوکتے تمہیں جس چیز سے نقصان پہنچے وہی ان کو محبوب ہے ان کے دل کا بغض ان کے منہ سے نکلا پڑتا ہے اور جو کچھ وہ اپنے سینوں میں چھپائے ہوئے ہیں وہ اس سے شدید تر ہے ہم نے تمہیں صاف صاف ہدایات دے دی ہیں، اگر تم عقل رکھتے ہو (تو ان سے تعلق رکھنے میں احتیاط برتو گے)“۔

سپریم کورٹ نے اوقاف کے حوالے سے چند سوالات کیا کر دیئے کہ ان لوگوں کا غم و غصہ عدلیہ کے خلاف بھی پھوٹ پڑا۔ عدالتی نظام کے ساتھ ساتھ جج حضرات کے خلاف ارکانِ پارلیمان تک مغلظات بکنے لگے۔ کوئی ججوں کی کردار کشی پر اتر آیا تو کوئی اسے (طوائف کا) کوٹھا کہہ کر عدالت کو بند کرنے کی سفارش کرنے لگا۔ اپنے دل میں چھپے بغض و نفرت کے اظہار سے وہ اہل ایمان کی دلآزاری کر کے انہیں اکسا رہے ہیں مگر اہل ایمان نہایت پر وقار انداز میں اوقاف کے حوالے سے نہ صرف غلط فہمیوں کو دور کر رہے ہیں بلکہ اعتراضات کا بھی پرزور جواب دیا جا رہا ہے۔ اس کا مثبت اثر عدالت سے لے کر ذرائع ابلاغ تک ہر جگہ دکھائی دے رہا ہے۔ عوام و خواص کا رجحان بدلنے لگا ہے۔ اسی تبدیلی نے حکمراں جماعت کو مسلمانوں میں اوقاف مہم چلانے پر مجبور کیا ہے۔ ایسے میں ان کے چکر میں پڑنے والے بھولے بھالے یا ابن الوقت مسلمانوں کو قرآن حکیم میں اس طرح مخاطب کیا گیا ہے کہ:

”تم ان سے محبت رکھتے ہو مگر وہ تم سے محبت نہیں رکھتے حالانکہ تم تمام کتب آسمانی کو مانتے ہو جب وہ تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم نے بھی (تمہارے رسول اور تمہاری کتاب کو) مان لیا ہے، مگر جب جدا ہوتے ہیں تو تمہارے خلاف ان کے غیظ و غضب کا یہ حال ہوتا ہے کہ اپنی انگلیاں چبانے لگتے ہیں ان سے کہہ دو کہ اپنے غصہ میں آپ جل مرو اللہ دلوں کے چھپے ہوئے راز تک جانتا ہے“۔ یہ تو اندر کی بات ہے مگر اس کا اظہار یوں ہوتا ہے کہ: ”تمہارا بھلا ہوتا ہے تو ان کو برا معلوم ہوتا ہے، اور تم پر کوئی مصیبت آتی ہے تو یہ خوش ہوتے ہیں“۔ اس حقیقت کی گواہی عدالت کے سوالات پر دشمنانِ اسلام کا آگ بگولہ ہو جانا ہے۔ مسلمانوں کے احتجاجی جلسوں سے وہ لوگ جل بھن کر رہ جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ ہریانہ کے نوح میں منعقد ہونے والے تبلیغی جماعت کے اجتماع سے بھی ان کی نیند اڑ جاتی ہے اور وہ اول فول بکنے لگتے ہیں۔ ایسے میں اہل ایمان کو بشارت دی گئی ہے کہ: ”ان کی کوئی تدبیر تمہارے خلاف کارگر نہیں ہو سکتی بشرطیکہ تم صبر سے کام لو اور اللہ سے ڈر کر کام کرتے رہو جو کچھ یہ کر رہے ہیں اللہ اُس پر حاوی ہے“۔

اہل ایمان جب اللہ تبارک و تعالیٰ پر توکل کر کے آگے بڑھتے ہیں تو بوکھلاہٹ کا شکار مخالفین اپنی غلطیوں سے اپنے پیروں پر کلہاڑی مار لیتے ہیں۔ اس کی پہلی مثال ٹرول آرمی کا وہ شور شرابہ تھا جو ان کی ذلت و رسوائی کا سبب بنا۔ اس کے بعد نشی کانت دوبے نے اپنی یاوہ گوئی نے چہار جانب سے تنقید کو مذمت کو دعوت دی اور بالآخر وزیر اعظم نے اوقاف کو مسلمانوں کے پنکچر بنانے سے جوڑ ایسے منہ کی کھائی کہ خود ان کے نفرتی سیاست کی ہوا نکل گئی۔ موجودہ حالات میں ہمارے لیے یہ آیت مشعل راہ ہے کہ: ”اور بہت سے ایسے نبی گزر چکے ہیں جن کے ساتھ بہت سارے اللہ والوں نے اس شان سے جہاد کیا ہے کہ راہِ خدا میں پڑنے والی مصیبتوں سے نہ کمزور ہوئے اور نہ بزدلی کا اظہار کیا اور نہ دشمن کے سامنے ذلت کا مظاہرہ کیا اور اللہ صبر کرنے والوں سے محبت کرتا ہے“۔ اللہ تبارک و تعالیٰ کی غیبی مدد و نصرت دشمنانِ اسلام کو کمزور اور مسلمانوں کی سرخرو کرتی ہے۔ اس بات کا قوی امکان ہے کہ آگے چل پہلگام کی بابت بھی مودی سرکار پر پلوامہ جیسے الزامات لگیں اور سرکار برسوں تک اس کی تحقیق نہ کروا سکے لیکن حقیقت کہاں چھپتی ہے؟ کبھی نہ کبھی کھل ہی جاتی ہے۔ کل جب اقتدار تبدیل ہوگا تو سارے گڑے مردے ایک ایک کر کے باہر آئیں گے۔ امیر مینائی نے کیا خوب کہا ہے۔

قریب ہے یارو روزِ محشر، چھپے گا کشتوں کا قتل کیونکر؟
جو چپ رہے گی زبانِ خنجر، لہو پکارے گا آستیں کا

# عجب نہیں کہ یہ چہار سو بدل جائے

فہیم النساء مہوش

انسان کی فضیلت کا تابناک پہلو یہی ہے کہ وہ مسایل کو گہرائی سے دوراندیشی سے سمجھ سکتا ہے۔ نتایج اخز کرسکتا۔۔۔ اور انکے حل کے لیے جدوجہد شروع کرتا ہے اسی خوبی کی بنا پر اسکا دیگر جاندار مخلوق سے کوئی موازنہ نہیں کیونکہ وہ نا صرف گویائی اور سمجھ بوجھ اور احساسات کا ادراک رکھتا ہے بلکہ اسکی مخفی روحانی طاقت، معرکہ خیر و شر اور حیات جاودانی کی آرزو کا بھی اس میں مکمل طور پر عمل دخل ہے۔۔۔ اپنے حقوق کے لیے اسکی بے اطمینانی اپنی حیثیت کے لیے اسکی بے چینی اسکی خودی پر بار ہا ضرب لگاتی ہے۔۔۔ ایسے میں اسے وہ راہیں ہموار کرنی آتی ہیں جو اسکی روحانی قوت طے کرتی ہے۔۔۔ اسی طرح نظریہ کی اجتماعی شکل کو فروغ دے کر قومیں اتحاد پاتی ہیں اور متحد ہو کر ہی ان اہداف کو حاصل کرتی ہیں۔۔۔ جن مسایل کے حل میں انسانیت کی خیر خواہی ہو تو نفع بخش نتایج سب کے ہوتے ہیں۔۔۔ صدیوں کے مسایل میں الجھے کسی ایک طرز ہائے فکر کو اپنالیں تو ممکن ہے حالات اور اسباب دونوں موافق ہوں۔۔۔ امت مسلمہ جس دور اہے سے گزر رہی ہے اسکا ایک ایک لمحہ تشویش پر مبنی ہے۔ کیونکہ ترقی کی فکر سے زیادہ سیاسی مفاد اور رواداری و بھائی چارگی کو متاثر کرتا ہے۔ حالات حاضرہ ہم سب کو دعوت فکر دے رہے ہیں کہ وقت چاہے جیسا ہو ہمیں صحیح حکمت عملیوں کا انتخاب اور حالات حاضرہ پر گہری نظر رکھنی چاہیے۔ اور ہمیں اس بات سے بے خبر نہیں ہونا چاہیے کہ ”علم زندگی ہے“ وہ علم دین کا اور دنیا کا۔۔۔ ہمیں ہمارے تمام احساسات جو حالات حاضرہ سے ملتے ہیں انہیں علم کی شکل میں برتنا ہوگا۔۔۔ کیونکہ احساس چاہے جو ہو کسی نا کسی علم کا دروازہ کھولتا ہے۔۔۔ ایک احساس ہمارے ملی تقاضوں کا ہے، ایک احساس وقار و وقعت کا ہے۔۔۔ ایک احساس جو ہماری شناخت کو مدھم کیے جانے کا ہے۔۔۔ ایک احساس وقت کے تقاضوں پر کھرے اترنے کا ہے۔۔۔ ہماری جدوجہد ہماری کوشش پر امن مگر عیر لچک دار اور پر اثر ہوں یہ وقت کا بہت بڑا تقاضا ہے۔۔۔ اس میں شعور کی

**خود آگاہی نا صرف اپنے وقار کا احساس پیدا کرتی ہے بلکہ اجتماعی مقام کا تعین کرتی ہے مسایل کے حل میں صبر اور عجز سکھاتی ہے۔ وہ اپنے فیصلوں کو اپنی زیست کے بنیادی مقاصد کے ساتھ منسلک رکھتا ہے جس سے یہ فایدہ بھی ہوتا ہے کہ وہ غلطیوں کے کم احتمال پر پر امید ہوتا ہے۔ کہ وہ اپنے عقاید اور اقداروں پر اپنے حقوق پر سمجھوتے کا کوئی option نہیں رکھتا۔ زندگی کے سب سے بڑے سماجی اصول کو اپناتا ہے "نا کسی کے ساتھ غلط کرو اور نا اپنے ساتھ غلط ہونے دو" مسایل کا حل طلب ذہن رکھتا ہے، خودی قوموں کو بیدار کرتی ہے۔ خود آگاہی رکھنے والے مسایل سے فرار نہیں ہوتے اور نا آنکھیں بند کرتے ہیں۔**

آگاہی بھی ضروری ہی آئینی حقوق کی پاسداری ضروری ہے، اور امین کی بنیادی خوبصورتی کو بھی جاننا ضروری ہے جسے کوئی بھی مسخ کرنے کا حق نہیں رکھتا۔۔۔ امت مسلمہ کو تمام تر علم دیا گیا۔۔۔ اور مسایل کے حل کے جہاں طریقے واضح کر دیے گیے۔۔۔ وہیں حل ہونے تک استقامت کی تاکید بھی کی گیی۔۔۔

خود آگاہی نا صرف اپنے وقار کا احساس پیدا کرتی ہے بلکہ اجتماعی مقام کا تعین کرتی ہے مسایل کے حل میں صبر اور عجز سکھاتی ہے۔ وہ اپنے فیصلوں کو اپنی زیست کے بنیادی مقاصد کے ساتھ منسلک رکھتا ہے جس سے یہ فایدہ بھی ہوتا ہے کہ وہ غلطیوں کے کم احتمال پر پر امید ہوتا ہے۔ کہ وہ اپنے عقاید اور اقداروں پر اپنے حقوق پر سمجھوتے کا کوئی option نہیں رکھتا۔ زندگی کے سب سے بڑے سماجی اصول کو اپناتا ہے ”نا کسی کے ساتھ غلط کرو اور نا اپنے ساتھ غلط ہونے دو“ مسایل کا حل طلب ذہن رکھتا ہے، خودی قوموں کو بیدار کرتی ہے۔ خود آگاہی رکھنے والے مسایل سے فرار نہیں ہوتے اور نا آنکھیں بند کرتے ہیں۔ خودی بڑا مضبوط ستون ہوتا ہے اسکی ذات کا۔۔۔ انسان بڑا جلد باز۔ واقع ہوا ہے وہ کسی صورتحال کو اپنے حق میں دیکھتا ہے تو مطمئن ہو جاتا ہے لیکن زمانے کی چال کچھ اور ہو سکتی ہے۔۔۔ کیونکہ باطل ہمیشہ اپنے مفاد کے لیے حق تلفی کا سہارا لیتا ہے۔۔۔

مشکلات کسی مومن کو مایوس نہیں کر سکتیں بلکہ اسے پوری طرح مضبوط کرتی ہیں اجتماعیت کے ساتھ وہ امن پسندی کی فضا میں کسی بھی مسئلے کی حل کی طرف متوجہ کرتی ہیں تو رکاوٹوں سے بے بہرہ ہو کر اپنا راستہ بنانے کے عزائم بھی دیتی ہے۔ مثبت طرز بے باکی، اتحاد، امن و امان کی طرز فکر جسکے ساتھ ہم ہمیشہ رہے ہیں ہمیں سرخروئی عطا کر سکتی ہے۔۔۔ بس حکمت عملیوں کو اپنانا ہوگا۔۔۔ اگر چہ کہ ہمارے عزائم بلند ہیں ہمارے حق شناس ہونے کے لیے یہی کافی ہے کہ راہ حق میں مسلسل گامزن رہے۔ یاسیت اور حوصلے شکنی سے دور رہ کر۔۔۔ محبت کی فراوانی اخوت کی جہاں گیری پیش نظر رہے۔۔۔ بحر ظلمات میں جس نے گھوڑے دوڑا دیے۔ وہ مشکلوں میں مصایب میں مایوس تو نہیں ہو سکتا۔۔۔ البتہ ایک نیے یقین کے ساتھ وہ اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔۔۔ یہ یقین سخت تاریکی کو امید افزا جہد عمل سے روشنی میں بدل دیتا ہے اور یہ یقین موجودہ وقت کو آنے والے وقت کی روشن امید دے تو رہا ہے لیکن وقت ابھی عملی جدوجہد کا تقاضہ کر رہا ہے۔۔۔ یہی یقین ظلم و جبر میں حق کی شمع روشن کرنے میں مدد دیتا ہے۔۔۔ بس جہد عمل اور اتحاد ہی اس یقین کی شمع کا تیل ہے جو صد فیصد روشنی کو فراہم کرتا ہے۔۔۔ ملت اور ملی قایدین جہاں اہداف حاصل کرنے میں راہ نما بنتے ہیں۔

وہیں استقامت بھی حق کی طلب میں لازمی عنصر ہے --

بقول اقبال کے۔۔۔۔

تیری خودی میں اگر انقلاب ہو پیدا
عجب نہیں کہ یہ چہار سو بدل جائے

☆☆☆

# پہلگام دہشت گردانہ حملہ انسان سوز اور اسلام مخالف

حافظ افتخار احمد قادری

خوبصورت اور پر امن علاقہ پہلگام میں ہونے والے دہشت گردانہ حملے نے وادی کی ضمیر کو جھنجھوڑ کر رکھ دیا ہے۔ ایک ایسے مقام پر جہاں فطرت اپنی پوری رعنائی سے جلوہ گر ہوتی ہے دہشت گردی کا سایہ پڑنا ایک دردناک لمحہ تھا لیکن اس بار وادی سے ابھرنے والی سب سے توانا آواز غم یا خوف کی نہیں بلکہ ایک واضح اور اجتماعی پیغام کی تھی کہ کشمیر دہشت گردی کو مکمل طور پر مسترد کرتا ہے۔ یہ حملہ صرف چند افراد کی جان لینے والا نہیں بلکہ یہ خود کشمیر کی روح، اس کی عوام اور ان کے خوابوں پر حملہ ہے۔ پہلگام میں جو کچھ ہوا وہ بربریت کی بدترین مثال کے سوا کچھ نہیں۔ نہتے سیاحوں پر حملہ کسی بھی طور جسٹیفائی نہیں کیا جا سکتا۔ یہ سیاح فطرت کے حسین مناظر سے لطف اندوز ہونے کے لئے پہلگام گئے ہوئے تھے۔ انہیں کیا معلوم تھا کہ پہلگام کی وادی ان کے لئے اجتماعی قبرستان بن جائے گی۔ کشمیر میں اس سے قبل بھی ایسے کئی سانحات رونما ہوئے جن میں درجنوں انسانی جانیں تلف ہوئی لیکن ماضی قریب میں اس طرح کے واقعہ کی کوئی مثال موجود نہیں۔ یہاں امن و شانتی تھی اور سیاحتی سیزن عروج پر تھا۔ ملک کے کونے کونے سے سیاح یہاں آ رہے تھے اور کشمیر کے گوشے گوشے میں فطرت کے حسین نظاروں سے لطف اندوز ہو رہے تھے جس سے یہاں کی معیشت کا پہیہ چل رہا تھا اور لوگ اپنا روزگار کما رہے تھے۔ بڑی مدتوں بعد کشمیر کا ہر فرد ہشاش بشاش نظر آ رہا تھا اور مایوسیوں کے بادل چھٹ رہے تھے، امیدوں کے چراغ روشن ہو رہے تھے لیکن اس سانحہ نے سب کچھ تہس نہس کر دیا۔

پہلگام میں جس طرح انسانی خون کی ہولی کھیلی گئی اس نے سب کو لرزہ براندام اور ہر ذی روح کو اشکبار کر دیا ہے۔ اس وقت ہر آنکھ نم اور ہر دل ملول ہے آخر کیوں ہے؟ کیا موت کے ان سوداگروں سے پوچھا جا سکتا ہے کہ آخر ان سیاحوں کا کیا قصور تھا کہ انہیں اس حسین وادی میں یوں ابدی نیند سلا دیا گیا؟ کیا ان سے پوچھا جا سکتا ہے کہ آخر اس درندگی کا مظاہرہ کر کے ان کے کس مقصد کی تکمیل ہوئی؟ متمدن معاشروں میں اختلافات کی گنجائش موجود ہے اور اختلافات ہونے بھی چاہئیں لیکن اختلافات کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ سرا تارنے پر آ جائیں۔

معاملہ کی سنگینی کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ وزیر داخلہ نے دارالحکومت دہلی میں اپنی تمام تر مصروفیات ترک کیں اور سری نگر پہنچ گئے جہاں سے سیدھے پہلگام گئے اور وہ بذات خود ریسکیو آپریشن کی نگرانی کر رہے ہیں جبکہ وسیع پیمانے پر اس انسانیت سوز واقعہ کی مذمت ہو رہی ہے۔ کشمیر میں ہر جگہ اس سانحہ کے خلاف برہمی کا اظہار کیا گیا جو نفرت کا فطری اظہار ہے۔ کیونکہ کشمیری عوام فطرت میں امن پسند ہیں وہ قطعی نہیں چاہیں گے کہ ان کی سرزمین پر یوں معصوموں کا خون بہایا جائے۔ کشمیری لوگ خود تشدد کے طویل عرصہ تک شکار رہے ہیں اور انہوں نے طویل عرصہ اس کو خود سہا ہے اس لئے وہ قطعی نہیں چاہیں گے کہ کوئی اور ان کی طرح اس درد سے گزرے جس درد سے ان کا گزر رہا ہے۔


دنیا کا کوئی مذہب اس طرح کے قتل عام کی اجازت نہیں دیتا۔ اسلام کے نام پر ایسی دہشت ناکی کرنے والے قطعی اسلام کے پیروکار نہیں ہو سکتے، ان کا اسلام سے دور کا کوئی واسطہ نہیں ہو سکتا۔ جہاد کے نام پر اللہ کی زمین پر فساد بپا کرنے والے ایسے عناصر کو سمجھ لینا چاہئے کہ یہ بربریت انہیں کہیں نہیں لے جائے گی بلکہ اس کی منزل تباہی کے سوا کچھ نہیں۔ بدلتے حالات میں ان مٹھی بھر عناصر کو بھی سمجھ لینا چاہئے کہ تشدد کسی مسئلہ کا حل نہیں ہے بلکہ صرف گھروں کو اجاڑنے کا ہی باعث بن جاتا ہے۔ وقت آ چکا ہے کہ ہم غلط کو غلط اور صحیح کو صحیح کہنے کی جرات پیدا کریں۔

کشمیر میں گزشتہ تین چار برسوں میں کوئی بڑا دہشت گرد حملہ نہیں ہوا مرکز کی حکمراں بھاجپا اس کا سہرا اپنے سر سجاتے ہوئے یہ کہتی رہی ہے کہ پلوامہ میں ہوئے حملہ کے بعد مودی حکومت نے پاکستان کے بالاکوٹ تک تعاقب کر کے جیش محمد کے کیمپوں اور کشمیر میں خونی حملے کرنے والے اس کے سیکڑوں دہشت گردوں کو عبرتناک سزا سے دو چار کیا۔ پلوامہ کے بعد کشمیر میں یہ دوسرا بڑا حملہ ہے۔ 2019 میں عین پارلیمانی انتخابات سے قبل کشمیر کے جنوبی ضلع پلوامہ میں نیم فوجی دستہ (سی آر پی ایف) اہلکاروں کی ایک بس کو بم دھماکہ سے اڑا دیا گیا تھا اس حملہ میں چالیس اہلکاروں کی موت ہوئی تھی۔ اس حملہ کی ذمہ داری کالعدم مسلح جیش محمد نے لی تو مرکز کی مودی حکومت نے جیش کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کی۔ پاکستان کے سرحدی علاقہ بالاکوٹ پر حملہ کرنے کے بعد عام انتخابات میں بھارتیہ جنتا پارٹی نے اسے انتخابی موضوع میں تبدیل کیا اور اس کا سیاسی فائدہ حاصل کیا۔ پلوامہ حملہ کے تعلق سے بعد میں بہت سی باتیں بھی منظر عام پر آئیں لیکن بی جے پی اسے مسترد کرتی رہی۔ بہر حال اس حملہ کے بعد کچھ معمولی حملہ ہوئے لیکن اس پورے عرصہ میں کوئی بڑا حملہ نہیں ہوا تھا۔ پلوامہ کے بعد پہلگام میں منگل کی دوپہر یہ حملہ ہوا۔ یہ ایک دردناک اور ناقابل قبول حملہ ہے۔ اس مذموم حملہ پر غم و برہمی فطری ہے۔ پورے ملک میں اس حملہ پر بحث جاری ہے لیکن یہ بات بھی تشویشناک ہے کہ پہلگام کے بہانہ ملک کے مسلمانوں کے خلاف نفرت کی آگ مزید بھڑکائی جا رہی ہے۔ پہلگام حملہ کو مذہبی عینک سے دیکھنا اور یہ پروپیگنڈہ بھی کیا جا رہا ہے کہ دہشت گردوں نے نام پوچھ کر صرف ہندو سیاحوں کو نشانہ بنایا حالانکہ ایک مسلم نوجوان نے حملہ آور کی بندوق چھیننے کی کوشش میں اپنی جان گنوائی، اس کے باوجود کشمیر اور ملک کے مسلمانوں کو اس کے لئے ذمہ دار قرار دینا اور نفرت کا زہر گھولنا انتہائی تشویشناک ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ اس معاملہ کی باریک بینی کے ساتھ تحقیقات کی جانی چاہئے۔ یہ کہا جا رہا ہے کہ اس حملہ کے پس پشت لشکر طیبہ ہے۔ پہلگام حملہ کے فوری بعد مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ سری نگر پہنچے، اس حملہ کی اطلاع ملتے ہی وزیر اعظم نریندر مودی بھی اپنا سعودی عرب دورہ ادھورا چھوڑ کر فوری ملک پہنچ گئے۔ مرکز کی مودی حکومت اس معاملہ پر انتہائی سنجیدگی کا اظہار کر رہی ہے ایسا ہونا بھی چاہئے لیکن جو سوالات اس وقت موضوع بحث ہیں ان کے جواب بھی حکومت کو دینے چاہئیں۔ یہ حملہ انٹلی جنس اور سیکورٹی فورسز کی ناکامی ہے۔ شیوسینا کے قدآور رہنما رکن راجیہ سبھا سنجے راوت نے جہاں حملہ کی مذمت کی وہیں اس حقیقت کا بھی برملا اظہار کیا کہ یہ مرکزی وزارت داخلہ کی ناکامی کا نتیجہ ہے انہیں اخلاقی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے اپنے عہدہ سے مستعفی ہو جانا چاہئے۔ اسی طرح سوشل میڈیا پر بھی اس حملہ کے تعلق سے متعدد سوالات کئے جا رہے ہیں۔ کہا تو یہ بھی جا رہا ہے کہ جب مودی حکومت کسی مصیبت میں گھرتی ہے ایسا کوئی نہ کوئی واقعہ رونما ہو جاتا ہے۔ یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ جب بھی انتخابات ہوتے ہیں کوئی دہشت گرد حملہ ہو جاتا ہے۔ اس وقت یہ بھی کہا جا رہا ہے کہ ملک بھر میں متنازعہ وقف قانون کے خلاف مظاہرے جاری ہیں۔ آئندہ چند ماہ میں بہار اسمبلی انتخابات ہونے ہیں۔ یہ وہ سوالات ہیں جن کے جواب مرکزی حکومت کو دینے چاہئیں تا کہ ملک حقائق سے واقف ہو سکے۔

iftikharahmadquadri@gmail.com

☆☆☆

# اے میرے کشمیر



نیازؔ جیراجپوری

اے میرے کشمیر
رُوپ ہے تیرا نِکھرا بِکھرا حُسن ہے عالم گیر
اے میرے کشمیر
ہر سُو فرحت بخش ہَوائیں نغمے گاتی جائیں
خواب کُھلی آنکھوں کو سحر آگیں منظر دِکھلائیں
خواب خود اپنی لے کے یہاں پر آتے ہیں تعبیر
اے میرے کشمیر
تیری فضا میں تیری ہَوا میں نکہت رنگت چاہت
خُوش بختی ہے تیری یُوں جو تجھ پہ فِدا ہے قُدرت
شہرہ تیرا چاروں جانب تُو ہے عالم گیر
اے میرے کشمیر
یہاں دھڑکتے دِل آنکھوں میں جو چاہے مَن لے
میت پریت کی اِس بگیا سے چاہے جو گُل چُن لے
یہاں بَہاریں ہی لِکھتی ہیں موسم کی تفسیر
اے میرے کشمیر
برف کی چادر اوڑھے بیٹھائے جب سَرما رانی
دیکھ یہ منظر پلک جھپکنا بُھولیں سَیلانی
کرے مزیّن ذہن و دِل کو سب کے یہ تصویر
اے میرے کشمیر
تیرے مناظِر تیرے جلوے رنگ عجب دِکھلائیں
بادِ صبا کے ساز پہ نظمیں غزلیں گاتے جائیں
تیرے چناروں کے پتّوں پر نغمے ہیں تحریر
اے میرے کشمیر
پَھیلے ہُوئے تا حدِّ نظر ہیں رنگیں نظّارے
چاند سِتارے جیسے زمیں پر بِکھرے ہوں سارے
دیکھ لے جنّت دُنیا ہی میں دیکھ لے جو کشمیر
اے میرے کشمیر

☆☆☆

# ”جو قومیں وقت کو ضائع کر دیتی ہیں وقت انہیں ضائع کر دیتا ہے“



قیصر محمود عراقی

وقت اللہ رب العزت کی ایک ایسی نعمت ہے، جو انسانی معاشرہ میں یکساں طور پر امیر، غریب، عالم، جاہل، چھوٹے اور بڑے سب کو ملی ہے۔ وقت کی مثال تیز دھوپ کی رکھی ہوئی برف کی اس سل سے دی جاتی ہے جس سے اگر فائدہ اٹھایا جائے تو بہتر ورنہ وہ تو ہر حال پگھلتی ہی جاتی ہے۔ اس وقت مسلم معاشرہ عام طور سے ضیاع وقت کی آفت کا شکار ہے، یورپی معاشرہ اپنی تمام تر خامیوں اور کمزوریوں کے باوجود وقت کا قدردان ہے اور زندگی کو باقاعدہ ایک نظام کے تحت گذارنے کا پابند بنا ہوا ہے۔ سائنس اور ٹکنالوجی میں ان کی ترقیوں کا ایک بڑا سبب وقت کی قدردانی ہے۔ جو قومیں وقت کی قدر کرنا جانتی ہیں، صحراؤں کو گلشن بنا دیتی ہیں، وہ فضاؤں پر قبضہ کر سکتی ہیں، وہ عناصر کو مسخر کر سکتی ہیں، وہ پہاڑوں کے جگر پاش پاش کر سکتی ہیں، وہ زمانہ کی زمام قیادت سنبھال سکتی ہیں، لیکن جو قومیں وقت کو ضائع کر دیتی ہیں، وقت انہیں ضائع کر دیتا ہے، اور ایسی قومیں غلامی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور ہو جاتی ہیں اور دین و دنیا دونوں اعتبار سے خسارے میں رہتی ہیں۔

ہم لوگ بیٹھکوں، چوپالوں اور نجی مجلسوں میں وقت گذاری کرتے ہیں اور ہمارا کتنا ہی قیمتی وقت نکتہ چینی، غیبت، بہتان اور سونے میں ضائع ہو جاتا ہے اور ہمیں اس کا احساس تک نہیں ہوتا۔ حضور اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں: ”پانچ چیزوں کو پانچ سے قبل غنیمت سمجھو، زندگی کو مرنے، صحت کو بیماری، فراغت کو مشغولیت، جوانی کو بڑھاپے اور مالداری کو فقر سے پہلے“ (مستدرک حاکم)۔ اس حدیث پاک میں ہر صاحب ایمان کیلئے یہ تعلیم ہے کہ آدمی کی فہم و دانش کا تقاضا یہ ہے کہ وہ اس فانی زندگی کے اوقات وادوار کو بہت دھیان اور توجہ کے ساتھ گذارے، زندگی کو مرنے سے پہلے غنیمت سمجھے اور اس بات پر استحضار رکھے کہ کل روزِ قیامت میں اس کی ہر ہر چیز کا حساب ہوگا، اس سے ہر چیز کے بارے میں باز پرس ہوگی اور اسے اپنے ہر ہر قول و فعل کا جواب دینا ہے۔ یہ وقت بڑی قیمتی دولت ہے، اس سے جو فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے وہ کر لیا جائے، کیونکہ آج صحت و تندرستی ہے کل نہ معلوم کس بیماری کا شکار ہونا پڑے، آج زندگی ہے کل منوں مٹی کے نیچے مدفون ہونا ہے، آج فرصت ہے کل نہ معلوم کتنی مشغولیتیں درپیش ہو جائیں۔

آج جوانی کا سنہرا دور ملا ہوا ہے، کل بڑھاپے میں نہ جانے کن احوال سے سابقہ پڑے اور کیا امراض و عوارض لگ جائیں، آج صاحب حیثیت ہیں کل پتہ نہیں کیا حالت ہو جائے؟ اس لئے جو کرنا ہے کر لیا جائے، جو کمانا ہے کما لیا جائے، جو فائدہ اٹھانا ہے اٹھا لیا جائے ورنہ وقت دو دھاری تلوار ہے، اگر تم نے نہ کاٹا تو وہ تمہیں کاٹ ڈالے گی۔ عموماً جن صالح بندوں کے مزاج میں دینداری اور نیکی ہوتی ہے وہ وقت کے قدردان ہوتے ہیں اور اپنی آخرت بنانے اور دنیا سنوارنے کی فکر انہیں دامن گیر ہوگی ہے، وہ بے کار، آوارگی، لہو و لعب اور فضولیات میں اپنا وقت ضائع نہیں کرتے، کسی کا برائی سے تذکرہ کرنے، عیب جوئی کرنے اور بہتان تراشی اور بے کار و لایعنی گفتگو کی انہیں فرصت نہیں ملتی، ان کی عملی زندگی حدیث نبوی ﷺ کی عملی تصویر ہوتی ہے۔ ہمارے اسلاف و بزرگانِ دین کی تابناک سیرت اور پاکیزہ زندگی، اس سلسلے میں بھی عمل کا داعیہ رکھنے والوں کیلئے بہترین اسوہ ہے کہ ان حضرات نے اپنے حیات فانی کا سفر پوری ہوش مندی اور بیداری کے ساتھ مکمل فرمایا اور زندگی کے تمام مراحل میں وقت کے لمحات واوقات قدردانی اور انضباط کے ساتھ گذارے۔

قارئین حضرات! افسوس صد افسوس آج ہمارے معاشرے میں نوجوانوں کے قیمتی اوقات کے ضیاع کا ایک بڑا سبب موبائل فون بنا ہوا ہے، اس کے ذریعہ ایس ایم ایس بھیجنے اور اس کے پروگراموں میں وقت گذاری کرنے کا ایک عام مزاج بن گیا ہے، گھنٹوں اس میں ضائع کر دینا، راتوں کو خراب کرنا ایک عام سی بات ہو گئی ہے، کبھی اس طرف خیال نہیں جاتا کہ میرا قیمتی وقت ضائع ہو رہا ہے۔ سچی بات یہ ہے کہ آج کا نوجوان موبائل کو لیکر ایک جنونی کیفیت کا شکار ہو چکا ہے، اس وبائی مرض سے مدارس کا ایک بڑا طبقہ بھی محفوظ نہ رہ سکا، منتظمین کی جانب سے باوجود سختی اور کڑی نگرانی کے طلبا پھر بھی اپنی حرکتوں سے باز نہیں آتے، وہ موبائل کے منفی اثرات سے متاثر ہو چکے ہیں۔ ان دینی طالب علموں کو نہ اپنے دین وایماں کا فکر ہوتا ہے، نہ اپنی دنیوی زندگی کے ضیاع کا بھی خیال آتا ہے، بس وہ اپنے مستقبل سے آنکھیں بند کر کے مدرسوں کی چہار دیواری میں طالب علمانہ لباس اختیار کر کے خود کو بھی دھوکہ دے رہے ہیں اور اپنے استادوں، سرپرستوں اور والدین کو بھی اندھیرے میں رکھے ہوئے ہیں۔ وقت کی اہمیت کے حوالے سے رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا جس کا مفہوم ہے ”جب آفتاب طلوع ہوتا ہے تو اس وقت ہر دن یہ اعلان کرتا ہے کہ اگر آج کوئی بھلائی کر سکتا ہے تو وہ کر لے، آج کے بعد میں پھر کبھی واپس نہیں لوٹوں گا“۔ یعنی وقت برف کی مانند ہے جو اگر بر وقت فروخت نہ ہو تو آہستہ آہستہ پگھل کر ختم ہو جاتی ہے اور اپنا وجود کھو بیٹھتی ہے۔ وقت کو اپنی گرفت میں نہ رکھا جائے تو وہ مٹھی میں دبی ریت کی طرح پھسل جاتا ہے اور پھر انسان کو سوائے پچھتاوے کے اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ وقت کا ہر گذرتا لمحہ انسان کو موت سے قریب کرتا رہتا ہے، اس لئے اگر وقت کی قدر نہ کی جائے اور اس کی اہمیت کو نظر انداز کیا جائے تو وقت بڑی بے رحمی کا مظاہرہ کرتا ہے اور اپنی قدر نہ کرنے والوں کو بڑی کڑی سزا دیتا ہے۔ وقت کی جو دولت ہر مومن و کافر، نیک و بد کو خالق کائنات کی طرف سے بخشی گئی ہے اس مہلت اور وقت میں کئے گئے ہر عمل کا حساب ایک دن ہر کس و ناکس کو دینا ہوگا۔ حدیث میں ایسے پانچ سوالات کا ذکر ہے جن کا جواب دیئے بغیر انسان اپنے قدم نہیں ہلا سکے گا۔ اپنی عمر کن کاموں میں صرف کی؟ جوانی کہاں گذاری؟ مال کہاں سے کمایا اور اسے کن کاموں میں خرچ کیا؟ جو علم حاصل کیا تھا اس پر کتنا عمل کیا؟ یہ تمام کام انسان اس وقت اور مہلت عمر میں ہی انجام دیتا ہے جو اس کو اللہ کی طرف سے عطا ہوا تھا۔ یہ دنیا کوئی کھیل تماشہ نہیں ہے اور نہ لہو و لعب کی خرمستیاں کرنے کیلئے پیدا کی گئی ہے، یہ دنیا تو ایک امتحان گاہ ہے اور اس میں دیئے ہوئے وقت میں ہر انسان عمل سے اپنا اعمال نامہ خود لکھ رہا ہے اور اللہ کے کارکنان قضا و قدر ہر ایک کے عمل اور اس کی نشست و برخواست کا جائزہ لے رہے ہیں۔ علامہ ابن القیم الجوزیؒ نے فرمایا ہے ”انسان کا وقت ہی اس کی زندگی ہے اور وقت ہی مستقبل کی تلخی یا مٹھاس کا سبب بنتا ہے“۔

کریگ اسٹریٹ، کمرہٹی، کولکاتا۔ ۵۸
موبائل:6291697668

